## اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 27-07-2022

| اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|
| 1۔سیلاب میں گھرے افراد کی محفوظ مقام پر منتقلی یقینی بنائینگے،وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو | جنگ ودیگراخبارات |
| 2۔قائمقام گورنر بلوچستان جان جمالی سے پاکستان میں تعینات ازبک سفیر کی ملاقات،قائمقام گورنر بلوچستان | جنگ ودیگراخبارات |
| 3 حکومت مشکل صورتحال میں عوام کوتنہا نہیں چھوڑے گی،ضیاءلانگو | مشرق ودیگراخبارات |
| 4۔صحافی کے بیٹے کی گمشدگی مشیرداخلہ نے رپورٹ طلب کرلی،صوبائی مشیرداخلہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 5۔تمام سیاسی جماعتوں کو میثاق معیشت پر متفق ہونا پڑے گا،احسن اقبال | جنگ ودیگراخبارات |
| 6۔شہداء کی قربانیوں کورائیگاں نہیں جانے دینگے،انجینئر زمرک اچکزئی | جنگ ودیگراخبارات |
| 7۔لسبیلہ کی تاریخ میں اتنی خطرناک سیلابی صورتحال پیدانہیں ہوئی،صالح بھوتانی | انتخاب ودیگراخبارارت |
| 8۔سچ اورجھوٹ سامنے لانے کیلئے ٹرتھ کمیشن قائم کیاجائے،نواب رئیسانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 9۔میجررحیم پر قاتلانہ حملہ کرنے والوں کوگرفتار کیاجائے،جمعیت | جنگ ودیگراخبارات |
| 10۔لوگ سیلاب متاثرین کی مدد کیلئے ہاتھ آگے بڑھائیں،جام کمال | جنگ ودیگراخبارات |
| 11۔بارشوں کے متاثرین کیلئے امدادی پیکیج کا اعلان کیاجائے،نواب زہری | جنگ ودیگراخبارات |
| 12۔بلوچستان کی ترقی میں قبائلی تنازعات رکاوٹ ہیں،میرکبیر | جنگ ودیگراخبارات |
| 13۔پرانے وعدے اوریقین دہانی بلوچوں کوانصاف نہیں ملتا،سرداراختر مینگل | جنگ ودیگراخبارات |
| 14۔بلوچستان حکومت عوام کا معیارزندگی بہتر بنانے کیلئے کوشاں ہے،محمد خان لہڑی | مشرق ودیگراخبارات |
| 15۔حکومت عوامی خدمت پریقین رکھتی ہے،طوراوتمانخیل | جنگ ودیگراخبارات |
| 16۔بارش متاثرین کی امداداورآبادکاری پرکوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے،ترجمان حکومت بلوچستان | آزادی ودیگراخبارات |
| 17۔فوج کا لسبیلہ تربت اورکوئٹہ میں فلڈ ریلیف آپریشن جاری ہے،آئی ایس پی آر | جنگ ودیگراخبارات |
| 18۔پاک فوج کی جانب سے لسبیلہ تربت وکوئٹہ میں فلڈ ریلیف آپریشن جاری | مشرق ودیگراخبارات |

## امن و امان

کوئٹہ،چائلڈ پورنوگرافی اور بلیک میلنگ کرکے رقم بٹورنے والا پولیس اہلکار گرفتار،بلوچستان ٹرانسپورٹروں نے مطالبات کے حق میں 2اگست کوپہیہ جام کا اعلان کردیا،سی ڈی کی زیارت میں کاروائی،کالعدم تنظیم کا کارندہ گرفتاراسلحہ برآمد۔

## عوامی مسائل

لورالائی شہری ترقیاتی اسکیمات کے ثمرات سے محروم قومی خزانہ کوکروڑوں کا نقصان،کوہلوعدم توجہی وسہولیات کا فقدان سیاحتی مقامات ویرانی کا منظرپیش کرنے لگے،پنجگور میں بارشوں سے متاثرہ افرادحکومتی امداد کے منتظر،اوستہ محمد غریب اور مستحق خواتین فلاح اداروں کی امداد سے محروم،موسی خیل میں بارشوں کے سبب مچھروں کی بہتات ملیریا پھیلنے کا اندیشہ۔

مورخہ27-07-2022

**اداریہ**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان میں آلودہ پانی ،وبائی امراض سے قیمتی جانوں کو خطرہ** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان میں آلودہ پانی ایک بہت بڑا مسئلہ بن رہا ہے جس کی وجہ سے بیشتر اضلاع میں مختلف وبائی امراض پھوٹ رہے ہیں جو انسانی جانوں کیلئے انتہائی خطرناک ہیں ،بلوچستان میں اس وقت اگر سب سے زیادہ کسی مسئلے کو ترجیح دینے کی ضرورت ہے وہ صاف پانی کا مسئلہ ہے کیونکہ بلوچستان میں پہلے سے ہی پانی کا بحران ہے پانی کی قلت اس قدر زیادہ ہے کہ لوگ جوہڑوں کا پانی پینے پر مجبور ہیں جس کی وجہ سے بچے، بزرگ او جوان خطرناک بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں حالانکہ بلوچستان میں سابقہ حکومتوں نے یہ نوید سنائی تھی کہ ہماری ترجیح سب سے زیادہ ڈیمز کی تعمیر پر ہے تا کہ بارش کے پانی کو ذخیرہ کیا جا سکے لیکن ایسا کچھ بھی نہیں ہوا اور بلوچستان میں ریکارڈ بارش ہونے کے باوجود بھی پانی ذخیرہ ہونے کی بجائے ضائع ہو رہے ہیں اور حکومت مسائل کو ایڈریس کرتے ہوئے ایک مستقل پالیسی اپنائے گی تا کہ بلوچستان میں ڈیمز میں پانی ذخیرہ کر کے انہیں زیر استعمال لایا جا سکے اس سے وبائی امراض کا بھی خاتمہ ہوگا اور زراعت کا شعبہ بھی ترقی کرے گا۔

**اداریے**

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**سیاسی کشیدگی میں کمی کیلئے بلوچستان عوامی پارٹی کی پیشکش** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**بارشوں اور سیلاب سے جنم لینے والے ہنگامی حالات**"کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

**مضامین**

روزنامہ ایکسپریس سنچری کوئٹہ نے "**سیاسی بحران سے نکلنے کیلئے بی اے پی کردار ادا کرنے کیلئے تیار** "کے عنوان سے رضا الرحمان کا مضمون شائع کیا۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: ________

Dated: ________ Page No. 1

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 51 بدھ 27 ذوالحجہ 1443ھ 27 جولائی 2022ء نمبر 204

# سیلاب میں گھرے افراد کی محفوظ مقام پر منتقلی یقینی بنائینگے، قدوس بزنجو

فضائی ریسکیو آپریشن کی ہدایت

کشتیوں و دیگر ذرائع سے خوراک و پانی پہنچایا جائے، وزیراعلیٰ لسبیلہ میں متاثرین کو ریسکیو کرنے پر اظہار اطمینان، مولانا واسع سے بھی ملاقات

کوئٹہ/اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ضلع لسبیلہ کے علاقے اوڑکی میں سیلابی صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے پانی میں گھرے لوگوں کو ریسکیو کرنے کے لئے فضائی آپریشن کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعلیٰ نے حکومت بلوچستان کے ہیلی کاپٹر کے ذریعے پانی میں گھرے لوگوں کو محفوظ مقام تک پہنچانے کی بھی ہدایت کی، وزیراعلیٰ نے کہا کہ فضائی آپریشن کے آغاز تک متاثرہ افراد کو کشتیوں اور دیگر ذرائع سے خوراک اور پانی پہنچانے کے خصوصی اقدامات کئے جائیں تاہم حکومت بلوچستان کے ایوی ایشن ونگ نے آگاہ کیا ہے کہ موسم کی خرابی کے باعث آج فضائی آپریشن کا آغاز ممکن نہیں اور موسم سازگار ہوتے ہی وزیراعلیٰ کی ہدایت کے مطابق فضائی آپریشن کا فوری آغاز کر دیا جائے گا۔ درایں اثناء وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے ضلع لسبیلہ کے مختلف علاقوں میں سیلابی پانی میں گھرے لوگوں کو ریسکیو کرنے پر اظہار اطمینان کیا ہے، وزیراعلیٰ کی جانب سے قیمتی جانیں بچانے پر پی ڈی ایم اے کی ریسکیو ٹیموں کو خراج تحسین کیا گیا اور ہدایت کی گئی کہ دیگر علاقوں میں پھنسے لوگوں تک ریسکیو ٹیموں کی رسائی اور امدادی سامان کی ترسیل کے لئے تمام ذرائع و وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ قیمتی انسانی جانوں کو بچانا اور انہیں محفوظ مقامات تک پہنچانا حکومت کی اولین ترجیح ہے جسے ہر صورت یقینی بنایا جائیگا۔ درایں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے جمعیت علماء اسلام (ف) کے صوبائی امیر و وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع سے انکی رہائش گاہ پر اہم ملاقات کی، سینیٹر محمد عبدالقادر بھی اس موقع پر موجود تھے ملاقات میں سیاسی و دیگر صوبائی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا دونوں رہنماؤں نے بارشوں سے متاثرہ علاقوں کی بحالی اور متاثرین کے نقصانات کے ازالے پر بھی بات چیت کی وزیراعلیٰ نے وفاقی وزیر کو امداد و بحالی کے جاری اقدامات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت متاثرین کے نقصانات کا ازالہ بھی کریگی جبکہ وفاقی وزیر نے کہا کہ متاثرین کی امداد و بحالی کے لئے وفاقی حکومت بھی معاونت کریگی دونوں رہنماؤں نے بارشوں سے ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر دکھ اور افسوس اور متاثرہ خاندانوں سے ہمدردی و یکجہتی کا اظہار کیا۔

## وزیراعلیٰ نے بچے کا سرکاری خرچ پر علاج کرانے کی ہدایت کردی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے سماجی رابطے کی ویب سائیٹ پر ایک بچے کے علاج کی اپیل کا نوٹس لیتے ہوئے محمد اسماعیل ولد غازی خان نامی اس بچے کی حکومتی اخراجات پر علاج کرانے کی ہدایت کی ہے وزیراعلیٰ کی ہدایت کے مطابق چلڈرن اسپتال کوئٹہ میں زیر علاج بچے کے علاج معالجے کے تمام اخراجات حکومت بلوچستان برداشت کریگی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 27 JUL 2022 Page No. 3

Bullet No. 1

## INTEKHAB QUETTA

### قائمقام گورنر جان جمالی سے پاکستان میں تعینات ازبک سفیر کی ملاقات

اسلام آباد (خ ن) قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی سے پاکستان میں تعینات ازبکستان کے سفیر ایبک عارف عثمانوف (Mr. Aybek Arif Usmanov) نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں برادر اسلامی ممالک پاکستان اور ازبکستان کے بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر

تاریخی و ثقافتی تعلقات اور نئے معاشی و تجارتی امکانات سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر قائم مقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی نے کہا کہ دونوں برادر ممالک کے درمیان کئی شعبوں میں تعاون اور تعلقات بڑھانے کے روشن امکانات موجود ہیں۔ جن سے استفادہ کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ ازبک سفیر کچھ دیر تک قائمقام گورنر بلوچستان کے ہمراہ تھے بعد ازاں دونوں رہنماؤں نے ملاقات میں پاکستان اور ازبکستان کے مابین تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا اور مہمانانِ گرامی کے درمیان تحائف کا تبادلہ ہوا۔

## MASHRIQ QUETTA

# بلوچستان حکومت عوام کا معیار زندگی بہتر بنانے کیلئے کوشاں ہے، محمد خان لہڑی

### نصیر آباد بالخصوص حلقہ پی بی بارہ میں کروڑوں روپے کی لاگت سے مختلف اجتماعی اسکیمات پر کام جاری ہے

### عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے اس پر پورا اترنے کو اپنا فرض اولین سمجھتے ہیں، عبدالغفور لہڑی کی وفد سے گفتگو

نصیر آباد (نامہ نگار) صوبائی وزیر ایریگیشن حاجی محمد خان لہڑی اور بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی نے کہا ہے کہ نصیر آباد بالخصوص حلقہ پی بی بارہ کی ترقی و خوشحالی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں حلقہ انتخاب میں کروڑوں روپے کی لاگت سے بلیک ٹاپ روڈ، تعلیم، صحت، آبنوشی سمیت مختلف اسکیمات پر کام جاری ہے جن کی تکمیل سے عوامی مسائل میں نمایاں کمی آئے گی، انہوں نے کہا کہ عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے اس پر پورا اترنے کو اپنا فرض اولین سمجھتے ہیں، رنگ و نسل سے بالاتر ہو کر علاقے کے لوگوں کی خدمت کی جا رہی ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے لہڑی ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی میں ملنے والے وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ ضلع نصیر آباد بلوچستان عوامی پارٹی کا ایک مضبوط قلعہ ہے اور رہے گا عوام میں شعور آچکا ہے اور کھوکھلے نعرے لگانے والوں کو مسترد کر دیا ہے

## 92 نیوز کوئٹہ

# حکومت عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے، طور اوتمانخیل

### بلوچستان میں اچھے طرز حکمرانی کے قیام کیلئے تمام تر اقدامات کئے جا رہے

### کرپشن کے خلاف بحیثیت قوم مل کر لڑنا ہوگا، صوبائی وزیر، عوامی وفود سے گفتگو

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر صنعت و حرفت حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے عوامی وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے، صوبے میں اچھے طرز حکمرانی کے قیام کیلئے تمام تر اقدامات (باقی صفحہ 5 نمبر 10)

کئے جا رہے ہیں۔ سرکاری افسران عوام کے خادم ہیں وہ حاکمیت قائم کرنے سے باز آجائیں۔ عوام کے ٹیکسوں سے ان کو مراعات ملتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت ترقی و خوشحالی اور ایک دوسرے کی رائے کا احترام کرنے برداشت امن و سلامتی کا نام ہے۔ کرپشن ہمارے اندر جس بری طرح سرایت کر گئی ہے اس ناسور کیخلاف ہمیں بحیثیت قوم مل کر لڑنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ لورالائی سمیت پورے صوبے میں شدید بارشوں سے ہونے والے جانی اور مالی نقصانات کی تلافی اپنے ریسورسز میں رہتے ہوئے کریگی انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے وزیراعظم سے پچاس ارب روپے دینے کا مطالبہ کیا ہے یہ رقم بھی کم پڑ سکتی ہے نقصانات کہیں اس سے زیادہ ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت عوام کو مشکل حالات میں کسی صورت بے یار و مددگار نہیں چھوڑیں گے ہم انکے غم میں برابر کے شریک اور شانہ بشانہ ہونگے وفاقی حکومت بلوچستان کو خصوصی اہمیت اور توجہ دے انہوں نے کہا کہ حکومت کو جلد عربگا۔ سے قوم کو نجات دلانے کیلئے جرات مندانہ اقدامات کرنے ہونگے انہوں نے کہا کہ عام الیکشن وقت پر 2023 میں کرادینگے انہوں نے کہا کہ عمران خان فواد چوہدری شیخ رشید ملک میں اداروں کے خلاف نفرت انگیز باتیں کر کے ملک کو نقصان پہنچانے سے گریز کریں انہوں نے کہا کہ ملک میں آئین و قانون سے کوئی بالاتر نہیں ہے حکومت ملک کو غیر مستحکم کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دیگی انہوں نے کہا کہ تمام ادارے اس وقت نیوٹرل ہیں اور اپنے ڈومیل میں رہ کر کام کر رہے ہیں ہم ملک کو معاشی اور سیاسی بحرانوں سے نکالنے کیلئے اپنا اپنی کردار ادا کر کے ملک کو مستحکم اور خوشحال بنانے پر بھرپور توجہ دے رہے ہیں۔

# امداد اور آبادکاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے ترجمان بلوچستان حکومت

**مختصر وقت میں بارش متاثرین اور جاں بحق افراد کے لواحقین کے لیے نوکروڑ 24 لاکھ روپے کی رقم ریلیز کرنا ایک عوامی اور دردمند حکومت ہونے کا واضح ثبوت ہے، فرح عظیم شاہ**

**پی ڈی ایم اے اور دیگر ادارے بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں متحرک ہیں موجودہ ہنگامی صورتحال میں عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی تمام تر ذمہ داریاں باخوبی سرانجام دے رہے ہیں**

...ت ہونے والے افراد کے لواحقین ...م جاری کرنے پر صوبائی حکومت اور وزیر اعلی بلوچستان کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت اور وزیر اعلی بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی شب و روز کی محنت، لگن اور زمہ داری سے مختصر وقت میں بارش متاثرین اور جاں بحق افراد کے لواحقین کے لیے نو کروڑ 24 لاکھ روپے کی رقم ریلیز کرنا ایک عوامی اور دردمند حکومت ہونے کا واضح ثبوت ہے۔ صوبائی حکومت کسی جان کا بدلہ تو نہیں دے سکتی لیکن یہ معاوضہ متاثرہ خاندانوں کی مشکلات میں کمی کا ذریعہ ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بارش متاثرین کی ہر ممکن امداد و بحالی اور آبادکاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے انتہائی (بقیہ نمبر1 صفحہ نمبر5 پر)

قلیل وقت میں شدید بارشوں سے جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین کے لئے معاوضہ ریلیز کر کے ضلعی انتظامیہ کے حوالے کر دیا ہے جسکو جلد لواحقین میں تقسیم کر دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ صوبے بھر میں شدید بارشوں اور سیلابی ریلوں سے اب تک 102 اموات ہوئی ہیں۔ جن میں 39 مرد، 30 خواتین اور 33 بچے شامل ہیں۔ جبکہ بارشوں سے صوبے میں 580 کلومیٹر روڈ، گیارہ پل اور پانچ ڈیمز کو نقصان پہنچا ہے۔ سیلابی ریلوں میں 706 مویشی بھی بہہ کر ہلاک ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بارشوں سے متاثرہ اضلاع میں ریلیف آپریشن جاری رکھے ہوئے ہے۔ اور انتظامیہ پی ڈی ایم اے اور دیگر ادارے بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں متحرک ہیں موجودہ ہنگامی صورتحال میں عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی تمام تر ذمہ داریاں باخوبی سرانجام دے رہے ہیں۔ حکومت لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقلی اور امدادی سرگرمیاں کو جاری رکھتے ہوئے ہر ممکن ریلیف فراہم کرنے کی کوشش کر رہی ہے انتظامیہ متاثرہ علاقوں میں متاثرین کو ٹینٹ، راشن اور طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ بارشوں سے متاثرہ سڑکوں کی بحالی اور مرمت کے لئے متعلقہ اداروں کو جنگی بنیادوں پر اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ مشکل کی اس گھڑی میں پھنسے افراد کی امداد اور بحالی کے سلسلے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی۔

...گا تارڑ صاحب اگر یہاں
...نے والے شیر کی آواز سے کلیجہ
...ب یہ اپنے گھنے جنگل میں
...رے پر کیا گزرتی ہوگی میں
...دیتا یا کہ ذرا دیکھو یہی وہ خشک
...ہے جس پر ایک پل ابھی بھی
...ے باغ کی سویروں میں اگر خوش
...ہیں تو ان میں چگادڑوں کی

# محرم الحرام سیکورٹی کے موثر اقدامات کر رہے ہیں، کمشنر کوئٹہ

## حالات کا تقاضا ہے کہ ہم اپنی صفوں میں اتحاد برقرار رکھیں اور شرپسند عناصر کو کسی قسم کی تخریب کاری کا موقع نہ دیں، سہیل الرحمن بلوچ کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام اور شرپسند عناصر کی بیخ کنی کے لیے تمام مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے علماء کرام ایک پیج پر ہیں محرم الحرام میں باہمی ہم آہنگی اور بھائی چارے کی فضاء برقرار رکھنے کے لئے وسیع بنیادوں پر اقدامات کئے گئے ہیں تاہم اس سلسلے میں تمام مکاتب فکر کے علماء کرام کے گرانقدر کردار کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا جو امن سلامتی اور مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کے لئے مثالی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار کمشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ نے علماء کرام کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کمانڈنٹ چلتن رائفلز، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ، ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈاکٹر یاسر بازئی، ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ جبار بلوچ، ایس ایس پی آپریشنز عبدالحق عمرانی، ایس ایس پی ٹریفک کوئٹہ عرفان بشیر، ایم ڈی واسا حامد لطیف رانا، اسسٹنٹ کمشنر پولیٹیکل کوئٹہ ڈویژن بابر خان، تمام اسسٹنٹ کمشنرز، بلوچستان شیعہ کانفرنس کے عہدیدار، انجمن تاجران کے نمائندے، مولانا انوار الحق حقانی، قاری عبدالرشید، سابقہ کونسلر اسلم رند سمیت مختلف مکتبہ فکر کے علماء کرام اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ نے کہا کہ موجودہ حالات کا تقاضا ہے کہ ہم اپنی صفوں میں اتحاد برقرار رکھیں اور شرپسند عناصر کو کسی قسم کی تخریب کاری کا موقع نہ دیں۔ اس ماہ میں باہمی رواداری، اتفاق اور اخوت کا مظاہرہ کر کے شرپسندوں کے مذموم مقاصد کو ناکام بنائیں۔ ملک سے محبت، سلامتی اور قومی وحدت کا تقاضا ہے کہ امن کو فروغ دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے حوالے سے کوئٹہ میں سیکورٹی کے سخت ترین انتظامات کئے جارہے ہیں تاکہ محرم الحرام کی تیاریوں میں کوئی کمی باقی نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ علماء کرام اور دیگر کی تجاویز کی روشنی میں محرم الحرام کے انتظامات کو مزید مستحکم اور جامع بنانے میں مددگار ثابت ہونگے۔

# وسطی ایشیائی ممالک کی بحری تجارت کا دارومدار جلد گوادر پر ہوگا، روشن علی شیخ

## مرکز سہولیات کی عمارت مکمل ہوچکی، ملکی و صوبائی ترقی میں گوادر کی بہت اہمیت ہے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو و پروجیکٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم روشن علی شیخ کی زیر صدارت LRMIS پر پیشرفت کے حوالے سے دوسرا جائزہ اجلاس ہوا جس میں پروجیکٹ کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ اس پروجیکٹ پر صوبے کے چار اضلاع گوادر، کوئٹہ، پشین اور جعفرآباد میں کام شروع کیا گیا گوادر میں مرکز سہولیات کی عمارت مکمل ہوچکی ہے اور باقی تین اضلاع کا کام اپنے آخری مراحل میں ہے اس حوالے سے گوادر میں مرکز سہولیات کی عمارت تمام سہولیات کے ساتھ تیار ہے اور عنقریب مرکز سہولیات گوادر کو فعال کیا جائے گا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے روشن علی شیخ نے کہا کہ ملک اور صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں گوادر کی بہت اہمیت ہے اکیسویں صدی کی ضرورتوں سے آراستہ جدید گوادر کا وقت جیسے جیسے قریب آرہا ہے اسکی اہمیت روز بروز بڑھتی جارہی ہے آنے والے وقت میں نہ صرف پاکستان بلکہ چین افغانستان اور وسط ایشیا کے ممالک کی بحری تجارت کا زیادہ تر دارومدار گوادر بندرگاہ پر ہوگا لہٰذا گوادر کے عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس منصوبے کو گوادر میں جلد از جلد شروع کیا جائے تاکہ گوادر کے عوام اور سرمایہ کاروں کو زمین کی لین دین کے معاملات میں دشواریوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 27 JUL 2022 Page No. 7


# پاک فوج کی جانب سے لسبیلہ، تربت و کوئٹہ میں فلڈ ریلیف آپریشن جاری

پانی نکالنے والی ٹیمیں جامشورو، گھارو گرڈ اسٹیشن، کراچی ساتھ سمیت شارع فیصل اور نیپا چورنگی میں سول انتظامیہ کیساتھ ہیں

**پاک فوج کی ٹیموں نے طبی سہولیات فراہم کیں اور امدادی کیمپ قائم کیے اور مقامی رہائشیوں میں خوراک اور راشن تقسیم کیا**

کوئٹہ (آن لائن) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے کہا ہے کہ پاک فوج کے دستے حالیہ بارشوں کے سبب سیلابی صورتحال سے متاثرہ ملک بھر کے مختلف علاقوں میں ریسکیو اور امدادی سرگرمیوں میں سول انتظامیہ کے ساتھ تعاون کر رہے ہیں۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ پاک فوج کی ایمرجنسی رسپانس ٹیمیں پانی کی نکاسی اور متاثرہ آبادی کو بنیادی غذائی ضروریات اور طبی دیکھ بھال فراہم کرنے میں مسلسل مصروف ہیں۔ بیان کے مطابق پانی نکالنے والی ٹیمیں ضلع جامشورو، گھارو گرڈ اسٹیشن، کراچی ساتھ سمیت شارع فیصل اور نیپا چورنگی، لسبیلہ، تربت اور کوئٹہ میں فلڈ ریلیف آپریشن کر رہی ہیں۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ پاک فوج کی ٹیموں نے طبی سہولیات فراہم کیں اور امدادی کیمپ قائم کیے اور مقامی رہائشیوں میں خوراک اور راشن تقسیم کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ مختلف اسٹینڈ بائی اور رسپانس ٹیمیں امدادی سرگرمیوں اور سیلاب کی وجہ سے کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے سندھ اور بلوچستان کے مختلف مقامات پر تعینات ہیں۔ بیان میں بتایا گیا کہ پاک فوج کے دستوں اور موبائل میڈیکل ٹیموں نے جامشورو، گھارو، کیماڑی اور نیپا چورنگی پر سینکڑوں مقامی لوگوں کو امدادی سامان اور مفت ادویات فراہم کیں۔ بیان میں کہا گیا کہ طبی ٹیموں نے کوئٹہ، تربت اور لسبیلہ میں ڈیڑھ ہزار سے زائد افراد کو طبی امداد فراہم کی۔

بقیہ نمبر 26 صفحہ 9 پر

# فوڈ اتھارٹی حکام کا ایکشن
# کوئٹہ میں آئسکریم کارنرز، ملک شاپس، فوڈ پوائنٹ سمیت 12 مراکز پر جرمانے

آئسکریم کینز میں مکھیوں کی موجودگی اور پھلوں و دودھ ذخیرہ کرنے کیلئے نان فوڈ گریڈ پلاسٹک کے استعمال پر برہمی کا اظہار

نواں کلی میں سویٹس اینڈ بیکرز و نان شاپ پر جرمانے عائد، صفائی کی صورتحال بہتر نہ ہونے پر سخت نوٹس جاری کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ناقص خوراک تیار و فروخت کرنے والے صحت دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اس ضمن میں کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں مراکز کی انسپکشن کے دوران بی ایف اے کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے 3 معروف آئسکریم کارنرز اور 4 ملک شاپس سمیت 12 مراکز پر جرمانے عائد جبکہ متعدد کو وارننگ نوٹسز جاری کر دیئے۔ طوغی روڈ، علمدار روڈ اور جناح روڈ کے علاقوں......

بقیہ نمبر 61 صفحہ 10 پر

میں بلوچستان فوڈ اتھارٹی حکام نے رات گئے آئسکریم و فوڈ کارنرز کی چیکنگ کی۔ ایس او پیز کی خلاف ورزی اور فوڈ بزنس لائسنس کی عدم دستیابی پر 3 معروف آئسکریم کارنرز سمیت 4 مراکز کو جرمانہ کیا گیا۔ بی ایف اے فوڈ سیفٹی ٹیم کے مطابق 3 آئسکریم کارنرز کو فوڈ بزنس لائسنس نہ ہونے کے علاوہ غیر صحت بخش حالات میں آئسکریم کی تیاری، پروڈکشن میں استعمال ہونے والے اجزاء و حتمی اشیاء کا ریکارڈ نہ ہونے، آئسکریم کینز میں مکھیوں کی موجودگی اور پھلوں و دودھ ذخیرہ کرنے کے لیے نان فوڈ گریڈ پلاسٹک کے استعمال پر جرمانہ کیا گیا جبکہ 1 کافی شاپ (ShopCoffee) کے خلاف اسٹوریج ایریا اور ریفریجریٹرز میں حشرات کی موجودگی پر کارروائی کی گئی۔ اسی طرح نواں کلی میں 1 سویٹس اینڈ بیکرز اور 1 نان شاپ پر جرمانے عائد کیے گئے جن کی وجوہات بلوچستان فوڈ اتھارٹی حکام مینوفیکچرنگ یونٹ میں صفائی کی صورتحال انتہائی خراب، بیکنگ میں مضر صحت رنگوں کا استعمال، بیکنگ ایریا میں گندگی، دیواریں و فرش آلودہ، مشینری و بیکنگ ٹریز زنگ آلود اور ورکرز کی ذاتی صفائی کی خراب حالت بتائی گئیں۔

AZADI QUETTA

# گوادر میں ہیضے اور ڈائیریا میں اضافہ بیکٹیریا سے ہوئی، ضلعی ناظم صحت

**وباء پر قابو پانے کیلئے گھر گھر ویکسی نیشن مہم چلائی جارہی ہے، ڈاکٹر شاہنواز بلوچ**

گوادر (خ ن) میونسپل کمیٹی گوادر میں بڑھتے ہوئے ہیضہ اور ڈائیریا کے کیسز کی اہم وجہ ذمہ دار کالرا بیکٹیریا ہے، جس پر قابو کرنے کیلئے گزشتہ دو دنوں سے گوادر میں کالرا یعنی ہیضہ و دست کی گھر گھر ویکسینیشن مہم چلائی جارہی ہے۔ اس ضمن میں ای پی آئی پروگرام کے صوبائی (بقیہ نمبر 4 صفحہ نمبر 7 پر)

کوارڈینیٹر برائے حفاظتی ٹیکہ جات ڈاکٹر اختر علی بلیدی کی بھرپور کوششوں، اور ڈاکٹر عبدالواحد ضلعی ناظم صحت گوادر اور ڈاکٹر شاہنواز بلوچ نائب ضلعی ناظم صحت گوادر کی سربراہی میں محکمہ صحت کی خصوصی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں ایسے تمام افراد جنکی عمریں ایک سال سے اوپر ہیں وہ اس مہم کے دوران یہ ویکسین پی کر اپنے آپ کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ آپ یہ سہولت ڈی ایچ کیو اسپتال، بی ایچ یو شادو بند، جی ڈی اے اسپتال، اور سول ڈسپنسری ای ڈی اسماعیل سے بھی مفت حاصل کر سکتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 27 JUL 2022 Page No. 8


## آزاد عدلیہ کیلئے عوام، وکلاء، سیاسی جماعتوں نے جانوں کی قربانیاں دیں، بلوچستان بار

سپریم کورٹ فیڈرل کورٹ ہے تمام صوبوں کی مناسب نمائندگی ہو سینئر ترین جج کو سپریم کورٹ میں تعینات کیا جانا چاہئے

28 جولائی کو ہونیوالا جوڈیشل کمیشن کا اجلاس ملتوی کیا جائے غیر آئینی اقدامات کیخلاف مل کر جدوجہد کی جائے گی، بیان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان بار کونسل کے جاری ایک بیان میں سپریم کورٹ میں ایک بار پھر سینیارٹی کو نظر انداز کر کے سپریم کورٹ میں من پسند ججز کے تقرریوں کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ سپریم کورٹ فیڈرل کورٹ ہے جس میں تمام صوبوں کی مناسب نمائندگی ہو اور ہر صوبے سے سینئر ترین جج کو سپریم کورٹ میں تعینات کیا جانا چاہئے لیکن 28 جولائی کو ہونے والے جوڈیشل کمیشن کے اجلاس میں جو نام تجویز......

بقیہ نمبر 50 صفحہ 10 پر

کئے گئے ہیں اسے ملک بھر کے وکلاء تنظیموں نے مسترد کر دیا ہے، بیان میں کہا کہ جوڈیشری کے اندر من پسند لوگوں کو نوازنے کا سلسلہ جاری ہے جس سے جوڈیشری کا ساکھ متاثر ہو رہا ہے عوام اور وکلاء کا اب سیاسی جماعتوں کا بھی جوڈیشری سے اعتماد اٹھتا جا رہا ہے بیان میں کہا کہ آزاد عدلیہ کیلئے عوام وکلاء سول سوسائٹی سیاسی جماعتوں کے کارکنوں نے اپنی جانوں کا قربانیاں دی ہیں لیکن جوڈیشری کے اندر کرپشن اقربا پروری لاقانونیت عروج پر ہے اپنے من پسند لوگوں کو نوازنے کا سلسلہ جاری ہے جو کہ باعث تشویش ہے۔

AZADI QUETTA

## لاپتہ افراد کے لواحقین کا احتجاجی دھرنا، سیاسی رہنماؤں کا اظہار یکجہتی

حکومتی طفل تسلیوں میں آنے والے نہیں ہیں، پہلے دن سے تین سادہ اور جائز آئینی مطالبات رہے ہیں

چیف آف آرمی سٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ صاحب خود تشریف لائیں اور احتجاجی دھرنے پہ بیٹھے جبری لاپتہ افراد کے لواحقین کے مطالبات تسلیم کریں، مطالبہ

کوئٹہ (پ ر) جبری لاپتہ افراد کی ماورائے عدالت قتل اور جبری گمشدگیوں کے خلاف گورنر اور وزیر اعلیٰ ہاؤس کیسامنے دھرنا آج چھٹے روز بھی جاری رہا۔ دھرنے میں وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز اور اتحادی تنظیموں کے کارکنان سمیت جبری لاپتہ افراد کے لواحقین کثیر تعداد میں شریک ہیں۔ دھرنے میں گزشتہ دنوں سے مختلف سیاسی اور سماجی تنظیموں کے رہنماؤں نے شرکت کی اور اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کہا کہ وہ زیارت میں

(بقیہ نمبر 50 صفحہ نمبر 7 پر)

بیگناہ اور پہلے سے جبری لاپتہ بلوچوں کے فورسز کے ہاتھوں ہلاکت کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، اسے بلوچ نسل کشی کا تسلسل سمجھتے ہیں، ایسے حربوں سے بلوچ قوم کو انکے جدوجہد سے دستبردار نہیں کیا جا سکتا۔ ریڈ زون میں بیٹھے لاپتہ افراد کے لواحقین نے میڈیا کو جاری کردہ اپنے بیان میں کہا ہے کہ گزشتہ رات سول انتظامیہ کی طرف سے مذاکراتی وفد نے جوڈیشل کمیشن بنانے کی سرکاری سطح پر نوٹیفیکیشن جاری کرنے کا وعدہ کیا تھا لیکن وقت گزرنے کے باوجود کوئی پیش رفت نہیں ہوئی لیکن جو دیگر دو مطالبات ہیں انکو مکمل طور پر نظر انداز کیا گیا ہے۔ اپنے بیان میں مزید کہا کہ وہ حکومتی طفل تسلیوں میں آنے والے نہیں ہیں، انکے پہلے دن سے تین سادہ اور جائز آئینی مطالبات رہے ہیں جن پہ عملدرآمد کرنے کیلئے یہ حکومت سنجیدہ نہیں ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 27 JUL 2022 Page No. 11


## کوئٹہ: چائلڈ پورنوگرافی اور بلیک میلنگ کر کے رقم بٹورنے والا پولیس اہلکار گرفتار

**ایک نوجوان کی درخواست پر کارروائی، ملزم ارسلان کے موبائل سے لڑکیوں اور لڑکوں کی ویڈیوز ملیں، مقدمہ درج**

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) ایف آئی اے سائبر کرائم سرکل کوئٹہ نے لڑکیوں اور لڑکوں کی چائلڈ پورنوگرافی اور بلیک میلنگ کر کے رقم بٹورنے والے پولیس اہلکار کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے ذرائع کے مطابق کوئٹہ کے ایک رہائشی نوجوان نے سائبر کرائم سرکل کوئٹہ کو ایک درخواست دی تھی کہ پولیس کانسٹیبل محمد ارسلان نے میری اور منگیتر کی ویڈیوز بنا کر بلیک میل اور بھاری رقم طلب کر رہا ہے جس پر سائبر کرائم سرکل کوئٹہ نے گزشتہ روز کارروائی کرتے ہوئے ملزم محمد ارسلان کو گرفتار کرلیا۔ ذرائع نے بتایا کہ ملزم کے موبائل سے لڑکیوں اور لڑکوں کی کئی ویڈیوز بھی ملی ہیں جس کے بارے میں ملزم نے بتایا کہ ان ویڈیوز کے ذریعے انہیں بلیک میل کرتا تھا۔ سائبر کرائم نے ملزم کے خلاف پیکا کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کردی۔

AZADI QUETTA

## بلوچستان ٹرانسپورٹرز نے مطالبات کے حق میں 2 اگست کو پہیہ جام ہڑتال کا اعلان کردیا

**حکومت کی جانب سے ناروا سلوک ظالمانہ ٹیکس اور موٹروے اور ٹریفک پولیس کی جانب سے بھاری جرمانے زیادتی ہے**

**بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز کو ملک کے دیگر شہروں میں دفاتر کھولنے کی اجازت نہیں اور نہ ہی انہیں وہاں روٹ پرمٹ دیا جاتا ہے، مشترکہ پریس کانفرنس**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے، حکومت کی جانب سے ناروا سلوک، ظالمانہ ٹیکس اور موٹروے اور ٹریفک پولیس کے بھاری جرمانوں، اضافی ٹول ٹیکس، ایران بارڈر پر ٹوکن سسٹم اور بلوچستان میں ٹمکنہ (بقیہ نمبر26 صفحہ نمبر2 پر)

طور پر دیگر صوبوں کے ٹرانسپورٹرز کو دفاتر فراہم کرنے کے خلاف 2 اگست کو بلوچستان بھر میں پہیہ جام ہڑتال کرنے کا اعلان کر دیا، ان خیالات کا اظہار ممتاز ٹرانسپورٹر میر سعید احمد لہڑی، حاجی حکمت لہڑی اور کوئٹہ کراچی کوچ یونین کے چیئرمین عبداللہ کرد نے مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر آل بس یونین کے حاجی دولت علی لہڑی، مکران کوچ یونین کے حاجی ملک شاہ جمالدینی، آل مکران کوچ یونین کے حاجی علی نواز لہڑی، عتیق خان کاکڑ، عبدالباری مشوانی، ناصر شاہوانی، حاجی ایوب خان ناصر، حاجی اکبر لہڑی، حاجی بلال محمد حسنی، حاجی نور جان شاہوانی اور حاجی ابراہیم شاہوانی موجود تھے، انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے ناروا سلوک ظالمانہ ٹیکس اور موٹروے اور ٹریفک پولیس کی جانب سے بھاری جرمانے، قومی شاہراہوں پر جابجا ٹول پلازے اور ان پر ٹیکسز ناقابل برداشت ہیں، انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ٹرانسپورٹرز ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز کو ملک کے دیگر شہروں میں دفاتر کھولنے کی اجازت نہیں اور نہ ہی انہیں وہاں روٹ پرمٹ دیا جاتا ہے ہمارے بلوچستان حکومت سے مطالبہ ہے کہ دیگر صوبوں کے ٹرانسپورٹرز کے ساتھ بلوچستان میں بھی یہی رویہ اختیار کیا جائے ہم کسی کو بلوچستان میں دفاتر کھولنے کی اجازت دیں گے نہ ہی بلوچستان کے کسی شہر میں روٹ پرمٹ دیا جائے گا اگر حکومت نے ایسا اقدام اٹھایا تو بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز سخت احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے، انہوں نے کہا کہ ٹوکن ٹیکس میں انکم ٹیکس کے ناجائز اضافہ، ڈیزل میں آئے روز اضافے کو مسترد کرتی ہے، انہوں نے کہا کہ ایران بارڈر پر ٹوکن سسٹم ختم کیا جائے انہوں نے مطالبہ کیا کہ سندھ میں کراچی کسٹم اور پولیس کے ناروا سلوک سے نجات دلوائی جائے اگر ہمارے مطالبات تسلیم نہیں کیے گئے تو ہم 2 اگست کو غیر معینہ مدت تک کے لئے بلوچستان بھر میں پہیہ جام ہڑتال اور اپنا کاروبار بند کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔

## سی ٹی ڈی کی زیارت میں کارروائی، کالعدم تنظیم کا کارندہ گرفتار، اسلحہ برآمد

**گرفتار ملزم سے ڈیٹونیٹرز، ریموٹ ڈیوائس، سیل، بلیک پاؤڈر، ہینڈ گرنیڈ برآمد**

کوئٹہ (آن لائن) کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ نے کارروائی کرتے ہوئے کالعدم تنظیم کے ایک کارندے کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کرلیا ہے۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق گزشتہ روز سی ٹی ڈی سی نے زیارت کے علاقے میں کاروئی کرتے ہوئے کالعدم تنظیم سے تعلق (بقیہ نمبر52 صفحہ نمبر7 پر)

رکھنے والے ایک کارندے کو گرفتار کر کے نامعلوم جگہ اس کو منتقل کیا کالعدم تنظیم کے کارندے سے تفتیش کے دوران ملنے والی معلومات پر سی ٹی ڈی نے متعلقہ جگہ پر چھاپے کے دوران بڑی مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد کرلیا ہے۔ اسلحہ میں ڈیٹونیٹرز، ریموٹ ڈیوائس، سیل، بلیک پاؤڈر، ہینڈ گرنیڈ، ایکسپلوسیو مواد و دیگر شامل ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 27 JUL 2022 Page No. 12


# لورالائی، شہری ترقیاتی اسکیمات کے ثمرات سے محروم، قومی خزانہ کو کروڑوں کا نقصان

**منڈی نہ ہونے کی وجہ سے زمیندار اپنی سبزیاں دوسرے صوبوں میں بھجوانے کیلئے مجبور ہیں، متعدد اہم عمارتیں فعال نہ ہونے کے باعث کھنڈرات میں تبدیل ہو گئی ہیں**

**نئے پروجیکٹ کمیشن کے حصول کیلئے تو بڑے زور و شور سے شروع کئے جاتے ہیں لیکن بعد میں انہیں ادھورا چھوڑ دیا جاتا ہے جو سراسر ناانصافی اور عوام کیساتھ مذاق ہے، مشرق رپورٹ**

لورالائی (رپورٹ ملک امانت حسین ککے زئی) ڈویژنل ہیڈ کوارٹر لورالائی کا شمار قدیم اضلاع میں ہوتا ہے اور اسکی تاریخ سو سالہ پرانی ہے جس میں مختلف قبائل صدیوں سے آباد ہیں اور اسکی ایک تاریخ موجود ہے قبائل کا ذریعہ معاش مالداری اور زمینداری سے وابستہ ہے اور یہاں کے زمیندار منڈی نہ ہونے کی وجہ سے اپنے فروٹ اور سبزیاں پنجاب کی منڈیوں میں بھجوانے پر مجبور ہیں اکثر اوقات بارشیں یا روڈ بلاک ہونے یا کسی اور وجہ سے وقت پر پھل اور سبزیاں منڈی میں نہ پہنچنے پر زمینداروں کو سخت نقصانات سے دوچار ہونا پڑتا ہے، مشرق رپورٹ کے مطابق لورالائی کو اگر لاوارث ضلع کہا جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہوگا یہاں نئے پروجیکٹ کمیشن کے حصول کیلئے بڑے زور و شور سے شروع کئے جاتے ہیں اور پچھلے کئی سالوں سے اربوں روپے کے درجنوں ایسے پروجیکٹ جسمیں کائنی ہسپتال جو تقریباً 12 سال قبل 50 لاکھ روپے کی رقم سے تعمیر ہوا اور آج محکمہ ہیلتھ کا اسٹور، نرسوں کی رہائش گاہ اور رکشہ اسٹینڈ بن چکا ہے، پریس کلب جو تقریباً پچاس لاکھ سے زائد رقم سے چھ سال قبل تعمیر ہوا تھا ابتک فعال نہ ہو سکا اور نشیوں کا مسکن ضرور بن گیا، ایک کروڑ روپے کی مالیت سے کوئٹہ روڈ پر پی سی کمپلیکس تعمیر کیا گیا جو آٹھ سال سے استعمال میں نہ لانے کی وجہ سے کھنڈر بن چکا ہے، شہر میں قائم پبلک جائے حاجت پر بااثر افراد نے قبضے کرکے بڑے بڑے بنگلے بنا رکھے ہیں اسی طرح کمشنر آفس کے قریب لاکھوں کی مالیت سے بنایا گیا پبلک پارک مکمل محنت کے باوجود ادھورا ہے اور عوام تفریح سے کوسوں دور ہے ہیں پانی کی کمی دور کرنے کے لئے محکموں کی جانب سے مختلف ڈیمز بنائے گئے جن میں اکثر بارش سے پہلے ہی ٹوٹ گئے اور ایک آدھ کریک ہو گئے اس طرح کے درجنوں پراجیکٹ ڈویژنل ہیڈ کوارٹر میں بنائے گئے ہیں 25 سال قبل اس وقت کے کمشنر احمد بخش لہڑی نے زمینداروں کی اصلاح اور معیشت کی بہتری کے لیے سبزی منڈی کی تعمیر اور الاٹمنٹ کا سلسلہ شروع کیا تھا جو آج 25 سال گزرنے کے باوجود بھی فعال نہ ہو سکا ہاں البتہ اس پراجیکٹ کو چلانے والے مختلف طریقوں سے کروڑوں روپے کے کالے دھن کما کر کروڑ پتی ضرور بن گئے ہیں اور ہر آنے والے منڈی کے پراجیکٹ ڈائریکٹر نے ضلعی انتظامیہ سے مل جول کر کے تین بار نقشے چینج کرکے روڈز پر بھی دکانیں بنا کر ہر ضلعی آفیسروں کو دکانیں الاٹ کیں جنکے ثبوت بھی موجود ہیں اب تک تقریباً 111 لائسنس بھی ایشو کیئے جا چکے ہیں ایک بار پھر سے غلہ منڈی کے نام سے لوگوں کو لوٹنے کی کوششیں کی جارہی ہیں غلہ منڈی کے الاٹیز کو بھی کمیشن ایجنٹ کے لائسنس جاری کرنے کی تیاریاں کی جارہی ہیں اور منڈی کو پرانی جگہ سے تبدیل کرکے غلہ منڈی شفٹ کرنے کی کوششیں کی جارہی ہیں

# کوہلو، عدم توجہی و سہولیات کا فقدان، سیاحتی مقامات ویرانی کا منظر پیش کرنے لگے

**سیاحت کا شعبہ زوال پذیر ہوتا جارہا ہے جس سے مقامی افراد میں شدید تشویش پائی جارہی ہے اور روزگار سمیت آمدورفت کے ذرائع بھی متاثر ہورہے ہیں**

**جاندران، مست توکلی، سفید، پڑشہ، ٹکیل سمیت درجنوں اہم مقامات ہیں جنہیں دیکھ کر جنت کا نظارہ محسوس کیا جاسکتا ہے لیکن اب سیاح وہاں کا رخ نہیں کرتے، مشرق رپورٹ**

کوہلو (نمائندہ مشرق) حکومتی عدم توجہی اور سہولیات کے فقدان سے کوہلو کے خوبصورت مقامات اور دلفریب مناظر تک رسائی نہ ہونے سے سیاحت کا شعبہ زوال پذیر ہوتا جارہا ہے جس سے مقامی افراد میں شدید تشویش پائی جارہی ہے اور روزگار سمیت آمدورفت کے ذرائع بھی بری طرح متاثر ہورہے ہیں، مشرق رپورٹ کے مطابق کوہلو کے دور دراز اور دور افتادہ علاقوں میں قدرتی مناظر کے درجنوں ایسے مقامات ہیں جہاں اگر سہولیات فراہم کئے جائے تو نہ صرف ملک بھر سے بلکہ بین الاقوامی سیاح بھی امڈ آئیں گے جس سے نہ صرف ملکی معیشت پر اس کے مثبت اثرات مرتب ہونگے بلکہ مقامی افراد کو روزگار کے وسیع مواقع دستیاب ہونگے مگر بدقسمتی سے دیگر شعبوں کی طرح سیاحت کے شعبے کو بھی مکمل طور پر نظر انداز کیا گیا ہے اور حکومتی عدم توجہی کے باعث سیاحت کو فروغ نہ مل سکا جس سے نہ صرف علاقے کے قدرتی مناظر اور خوبصورت مقامات سیاحوں سے پوشیدہ ہیں بلکہ وہاں کے رہائشی افراد بے روزگاری، بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی اور آمدورفت کے مسائل سے دوچار ہیں۔ کوہلو میں بلندوبالا پہاڑیں موجود ہیں اسکے درمیان بہنے والے قدرتی چشمے اور آبشاریں مناظر کو مزید حسین اور دلفریب بنا دیتے ہیں۔ جاندران، مست توکلی، سفید، پڑشہ، ٹکیل سمیت درجنوں اہم مقامات ہیں جنہیں دیکھ کر جنت کا نظارہ محسوس کیا جاسکتا ہے لیکن ان سیاحتی مقامات پر سرمایہ کاری اور حکومتی سرپرستی نہ ہونے سے سیاحت جیسے اہم شعبے کو فروغ نہ مل سکا۔ عوامی سماجی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ کوہلو کے سیاحتی مقامات پر بنیادی سہولیات کی فراہمی کو فوری یقینی بنایا جائے تاکہ سیاحت کے شعبے کو فروغ مل سکے اور اندرون و بیرون ملک کے سیاح حسین و دلفریب وادیوں، سنگلاخ پہاڑوں، آبشاروں اور چشموں، مقامی افراد کے ثقافت و کلچر سمیت دیگر اہم مقامات کے مناظر دیکھنے کیلئے کوہلو کا رخ کرسکیں جس سے مقامی افراد میں روزگار کے وسیع مواقع میسر آسکیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 27 JUL 2022 Page No. 13


## پنجگور میں بارشوں سے متاثرہ افراد حکومتی امداد کے منتظر

مون سون کی برسات نے غربت کے ستائے ہوئے لوگوں سے ان کی ہر چیز چھین لی ہے اور بچوں سمیت بے آسرا کھلے آسمان تلے پڑے ہوئے ہیں

دنیا کے ہر ملک میں وہاں کے حکمران قدرتی آفات کے موقع پر اپنے عوام کے شانہ بشانہ رہتے ہیں لیکن یہاں الٹی گنگا بہہ رہی ہے جسکی بھرپور مذمت کرتے ہیں

متاثرین کی دادرسی کیلئے عملی بنیادوں پر اقدامات نہ اٹھائے گئے تو پرامن جدوجہد کا آغاز کرنے پر غور ہو سکتا ہے، حکومت سنجیدگی کا مظاہرہ کرے، بیان میں مطالبہ

پنجگور (پ ر) پنجگور کی سیاسی جماعتوں نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پنجگور میں بارشوں سے متاثرہ افراد حکومتی امداد کے منتظر ہیں، مون سون کی برسات نے غربت کے ستائے ہوئے لوگوں سے ان کی ہر چیز چھین لی ہے اور بچوں سمیت بے آسرا، کھلے آسمان تلے پڑے ہوئے ہیں، انہوں نے کہا کہ دنیا کے ہر ملک میں وہاں کے حکمران قدرتی آفات کے موقع پر اپنے عوام کے شانہ بشانہ رہتے ہیں لیکن یہاں الٹی گنگا بہہ رہی ہے، متاثرین کی دادرسی کیلئے عملی بنیادوں پر اقدامات نہ اٹھائے گئے تو پرامن جدوجہد کا آغاز کرنے پر غور ہو سکتا ہے، حکومت سنجیدگی کا مظاہرہ کرے، انہوں نے کہا کہ زمینداروں کی کروڑوں روپے کی فصلیں سیلاب کی نظر ہو گئیں اور وہ نان شبینہ کے محتاج ہو چکے ہیں، انہوں نے بیان میں انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں سے بھی ہمدردانہ اپیل کی کہ وہ مشکل کی اس گھڑی میں مصیبت زدہ افراد کی مدد کیلئے آگے آکر اپنا کردار ادا کریں۔

## اوستہ محمد غریب اور مستحق خواتین فلاحی اداروں کی امداد سے محروم

بی آئی ایس پی اور احساس پروگرام میں اندراج ہونے کے باوجود کوئی مالی مدد نہیں کی جا رہی ہے

حکومت کی جانب سے ملنے والا ریلیف بھی بند ہو چکا ہے، گھروں میں نوبت فاقہ کشی تک پہنچ چکی ہے

مستحقین کی مشکلات دور نہ ہوئی تو وہ بھوک کے ہاتھوں اپنی زندگیوں سے ہاتھ دھو بیٹھیں گی، مشرق سے گفتگو

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) غریب اور نادار خواتین فلاحی اداروں کی امداد سے محروم، پریشانیوں سے دوچار، بی آئی ایس پی اور احساس پروگرام میں اندراج ہونے کے باوجود کوئی مالی مدد نہیں کی جا رہی ہے، مشرق کو اپنی فریاد سناتے ہوئے مستحق خواتین نے کہا کہ مہنگائی کے اس دور میں ہمارا گزر بسر مشکل ہے، پہلے حکومت کی جانب سے کچھ نہ کچھ ریلیف مل جایا کرتا تھا اب وہ بھی بند ہو چکا ہے، گھروں میں نوبت فاقہ کشی تک پہنچ چکی ہے، انہوں نے کہا کہ مستحقین کی مشکلات دور نہ ہوئی تو وہ بھوک کے ہاتھوں اپنی زندگیوں سے ہاتھ دھو بیٹھیں گی، انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کی ناکام پالیسیوں کے بدولت پسماندہ علاقوں میں غربت مزید بڑھتی جا رہی ہے

## موسیٰ خیل میں بارشوں کے سبب مچھروں کی بہتات، ملیریا پھیلنے کا اندیشہ

شہر کی گلی کوچوں میں برسات کا پانی کھڑا ہونے کی وجہ سے مچھروں کی افزائش نسل میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے

صفائی کی ابتر صورتحال اور مچھر مار اسپرے نہ ہونے سے شہریوں کو سکون برباد، راتوں کو نیند کیلئے ترس گئے، مشرق رپورٹ

موسیٰ خیل (نامہ نگار) مون سون کی حالیہ موسلادھار بارشوں کے سبب مچھروں کی بہتات، ملیریا پھیلنے کا اندیشہ، شہر کی گلی کوچوں میں برسات کا پانی کھڑا ہونے کی وجہ سے مچھروں کی افزائش نسل تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، صفائی کی ابتر صورتحال اور مچھر مار اسپرے نہ ہونے سے شہریوں کو سکون برباد، راتوں کو نیند کیلئے ترس گئے، مشرق رپورٹ کے مطابق گزشتہ دنوں سے جاری بارشیں رحمت کے بجائے باعث زحمت بن گئیں، شہر اور گرد و نواح کے علاقوں میں مچھروں کی بھرمار نے لوگوں کو ذہنی مریض بنا دیا ہے، شہریوں کی اکثریت بیماریوں سے بچنے کیلئے دوسرے شہروں کا رخ کرنے لگے ہیں، صفائی کے ناقص انتظامات سے مکھیوں اور مچھروں کی تعداد میں غیر معمولی بڑھ گئی ہے، دوسری جانب اسپرے نہ ہونے کی وجہ سے عوام میں تشویش کی لہر دوڑ چکی ہے خصوصاً بچے ملیریا ہیضہ و دیگر وبائی امراض میں مبتلا ہو رہے ہیں بلدیاتی اداروں اور ملیریا کنٹرول پروگرام کو مچھر مار اسپرے کی مد میں ہر سال خطیر بجٹ دیا جاتا ہے جو نہ معلوم کہاں خرچ ہو رہا ہے شہریوں نے یہ بھی خدشات ظاہر کیں کہ کہیں ایسا نہ ہوں کہ گزشتہ سالوں کی طرح ڈیپارٹمنٹل ڈاکومنٹس میں مچھر مار اسپرے مہم مکمل ہو چکا ہو جبکہ اسپرے کئے نہیں ہیں۔


Century Express Quetta


## کم عمر موٹر سائیکل سواروں کی تعداد میں مسلسل اضافہ

18 سال سے کم عمر نوجوانوں کی بڑی تعداد موٹر سائیکل دوڑاتی نظر آتی ہے

لاپرواہی کی وجہ سے جان لیوا حادثات ہو رہے ہیں، انتظامیہ کارروائی کرے

کوئٹہ (لیڈی رپورٹر) کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کم عمر موٹر سائیکل سواروں کی تعداد میں دن بدن اضافہ ہونے لگ گیا، جو ٹریفک قوانین کی بھی پرواہ نہیں کرتے اور حادثات کا باعث بن رہے ہیں تفصیلات کے مطابق شہر کی سڑکوں پر 20 لاکھ سے زائد موٹر سائیکل چلانے والوں میں ایک بڑی تعداد 18 سال سے کم عمر لڑکوں کی ہے جن کے پاس لائسنس بھی نہیں، انتہائی تیز رفتاری اور لاپرواہی سے موٹر سائیکل چلانے والے اپنے ساتھ دیگر کیلئے بھی جان لیوا حادثات کا باعث بنتے ہیں ریسکیو اداروں کی رپورٹ کے مطابق جولائی کے مہینے میں کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں موٹر سائیکل کی وجہ سے 647 حادثات ہوئے جن میں زیادہ 14 سال سے لے کر 25 سال کے لڑکے شامل ہیں، ائیرپورٹ روڈ، جناح ٹاؤن، سریاب روڈ سمیت کوئٹہ کی اہم شاہراہوں پر کم عمر لڑکے تیز رفتاری سے موٹر سائیکل چلاتے نظر آتے ہیں جو کسی بھی وقت جان لیوا حادثے کا سبب بن سکتے ہیں شہریوں نے ٹریفک پولیس اور انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ 18 سال سے کم عمر اور بغیر لائسنس موٹر سائیکل چلانے والوں کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے اور ان کے والدین میں شعور اجاگر کرنے کے لئے مہم بھی چلائی جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No.______ Dated: 27 JUL 2022 Page No.______


## بلوچستان میں آلودہ پانی، وبائی امراض سے قیمتی جانوں کو خطرہ

بلوچستان میں آلودہ پانی ایک بہت بڑا مسئلہ بن رہا ہے جس کی وجہ سے بیشتر اضلاع میں مختلف وبائی امراض پھوٹ رہے ہیں جو انسانی جانوں کے لیے انتہائی خطرناک ہیں، بلوچستان میں اس وقت اگر سب سے زیادہ کسی مسئلے کو ترجیح دینے کی ضرورت ہے وہ صاف پانی کا مسئلہ ہے کیونکہ بلوچستان میں پہلے سے ہی پانی کا بحران ہے پانی کی قلت اس قدر زیادہ ہے کہ لوگ جوہڑوں کا پانی پینے پر مجبور ہیں جس کی وجہ سے بچے، بزرگ اور جوان خطرناک بیماریوں کا شکار ہورہے ہیں حالانکہ بلوچستان میں سابقہ حکومتوں نے یہ نوید سنائی تھی کہ ہماری ترجیح سب سے زیادہ ڈیمز کی تعمیر پر ہے تاکہ بارش کے پانی کو ذخیرہ کیا جاسکے لیکن ایسا کچھ بھی نہیں ہوا اور بلوچستان میں ریکارڈ بارش ہونے کے باوجود بھی پانی ذخیرہ ہونے کی بجائے ضائع ہورہا ہے جس کی وجہ سے نہ صرف پانی کی قلت برقرار ہے بلکہ لوگوں کو پینے کا پانی بھی میسر نہیں ہے۔ دوسرا مسئلہ بلوچستان کی پانی چوری کا ہے گرین بیلٹ بھی اس سے متاثر ہورہا ہے، زراعت کا شعبہ تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا ہے، بارش ہو یا نہ ہو بلوچستان کی عوام کے لیے عذاب تباہی کی صورت میں سامنے آتا ہے بلوچستان کو اپنے حصے کا پانی دیا جائے اور اس حوالے سے سندھ اور بلوچستان حکومت مل بیٹھ کر حکمت عملی مرتب کریں تاکہ یہ دیرینہ مسئلہ حل ہوسکے اور بلوچستان کے عوام کو پانی بھی مل جائے ،ساتھ ہی وبائی امراض سے چھٹکارا پایا جاسکے۔ بہرحال آلودہ پانی کی وجہ سے ڈائریا کا پہلا کیس رواں برس 17 اپریل کو صوبہ بلوچستان کے ضلع ڈیرہ بگٹی میں رپورٹ ہوا تھا جس کے بعد سینکڑوں کی تعداد میں ڈائریا کے کیسز رپورٹ ہوئے۔ کیسز رپورٹ ہونے کے فوراً بعد صوبائی حکومت نے وباء پر قابو پانے کیلئے جنگی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے اور ساتھ ہی ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن نے بھی صوبائی حکومت کو ہر وقت اور ہر طرح سے تعاون اور معاونت فراہم کی جس پر صوبائی حکومت ڈبلیو ایچ او کی انتہائی مشکور ہے اور حال ہی میں ڈبلیو ایچ او نے صوبے میں بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ افراد کے لیے ہنگامی طور پر ادویات، خیموں اور دیگر ضروری اشیاء فراہم کیں جس سے متاثرین مستفید ہوں گے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے پانچ روزہ اورل کولرا ویکسین مہم کے افتتاح کے دوران کہنا تھا کہ ہیضہ کی روک تھام کیلئے ضروری ہے کہ متعلقہ اضلاع میں مہم کے دوران تمام لوگوں کو انسدادِ ڈائریا کے قطرے پلائے جائیں خاص کر بڑے عمر کے افراد اور بچوں کے لیے ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آلودہ پانی کی وجہ سے شہری طرح طرح کی بیماریوں میں مبتلا ہورہے ہیں یہ ایک سنگین مسئلہ ہے۔ جس پر قابو پانے کے لئے فوری اقدامات کی ضرورت ہے انہیں ان بیماریوں سے محفوظ رکھنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ آج بھی ضرورت اس امر کی ہے کہ شہریوں کو پینے کے لئے صاف پانی فراہم کیا جائے اور صوبائی حکومت عوام کو پینے کی صاف پانی فراہم کرنے کیلئے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ملک میں پانی کی کمی کا بحران جس شدت کے ساتھ بڑھ رہا ہے، حالات کا تقاضا ہے کہ پانی کی بچت کے لئے مؤثر اقدامات کئے جائیں۔ عوام بھی اس سلسلے میں صوبائی حکومت کے ساتھ تعاون کریں اور پانی کا زیاں نہ کریں۔ انہوں نے سیکرٹری صحت کو ہدایت کی کہ فوری طور پر ڈبلیو ایچ او کی جانب سے فراہم کردہ سامان متاثرہ علاقوں تک پہنچایا جائے تاکہ متاثرین اس سے مستفید ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا نے بھی صوبائی حکومت کو ہر طرح سے سپورٹ کیا ہے اور ہر پروگرام کی کوریج کی ہے اور امید کرتے ہیں کہ میڈیا آئندہ بھی اسی طرح صوبائی حکومت کے ساتھ تعاون کرے گی۔ امید ہے کہ جلد ہی بلوچستان میں پانی کے مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا اور حکومت مسائل کو ایڈریس کرتے ہوئے ایک مستقل پالیسی اپنائے گی تاکہ بلوچستان میں ڈیمز میں پانی ذخیرہ کرکے انہیں زیر استعمال لایا جاسکے اس سے وبائی امراض کا بھی خاتمہ ہوگا اور زراعت کا شعبہ بھی ترقی کرے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 27 JUL 2022 Page No. 14


## سیاسی کشیدگی میں کمی کے لئے

## بلوچستان عوامی پارٹی کی پیشکش

وزیراعلیٰ بلوچستان قدوس بزنجو نے بی اے پی کور کمیٹی سے خطاب کرتے ہوئے سیاسی جماعتوں پر زور دیا ہے کہ وہ ملکی سلامتی اور استحکام کو یقینی بنانے کے لئے صبر وتحمل برداشت اور رواداری کے جذبے سے کام لیں کیونکہ ملک اس وقت انتشار کی سیاست کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ اور کسی ایک غلط قدم کے انتہائی منفی نتائج مرتب ہونگے سیاسی جماعتیں افہام وتفہیم کے جذبے سے ملک کو درپیش بحران اور مسائل حل کرنے پر توجہ مرکوز رکھیں' بلوچستان عوامی پارٹی نے ملک کی سیاسی صورتحال میں بہتری کے لئے اپنا کردار ادا کرنے کی بھی پیش کش کی۔ ملک کو اس وقت جن حالات کا سامنا ہے ان میں انتشار اور محاذ آرائی کی سیاست کی کوئی گنجائش نہیں لیکن عملاً اس وقت ملک میں ایسی ہی سیاست ہورہی ہے جو ملک کے استحکام اور یکجہتی کو بری طرح متاثر کررہی ہے۔ اتنی سیاسی کشیدگی اور محاذ آرائی ملکی تاریخ میں کبھی دیکھنے میں نہیں آئی۔ سیاسی درجہ حرارت کم کرنے کے لئے فوری اور موثر کوششیں ضروری ہوچکی ہیں' بی اے پی کی نمائندگی قومی اسمبلی' سینٹ اور صوبائی اسمبلیوں میں بھی ہے اس میں تجربہ کار اور جہاندہ شخصیات موجود ہیں جو گورنر' وزیراعلیٰ اور اسپیکر کے عہدوں پر فائز ہیں اور ماضی میں بھی رہ چکی ہیں ان کا سیاسی کیریئر بہت طویل ہے اور انہیں سیاسی حلقوں میں عزت واحترام سے دیکھا جاتا ہے اگر وہ موجودہ کشیدہ سیاسی صورتحال میں بہتری اور ملک کو درپیش مسائل کے حل کے حوالے سے کوئی کردار ادا کرنا چاہتے ہیں تو سیاسی قائدین کو اس کا خیر مقدم کرنا چاہیے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______ Dated: 27 JUL 2022 Page No.______



اسلام آباد: قائم مقام گورنر میر جان محمد جمالی ازبکستان کے سفیر ایبک عارف عثمانوف کو گلدستہ دے رہے ہیں



کوئٹہ: مشیر داخلہ ضیاء لانگو کو ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے عطاء اللہ مینگل بریفنگ دے رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



چھتر: صوبائی وزیر حاجی محمد خان لہڑی سے وڈیرہ عرض محمد جنگ ملاقات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظا مت اعلیٰ تعلقا ت عا مه
حکو مت بلو چستا ن


Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 27 JUL 2022 Page No.________




کوئٹہ ڈی جی پی آر اورنگزیب کاسی سے سردار شہزاد ترین اور نجیب اللہ کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

Century Express Quetta




ڈی جی پی آر اورنگزیب کاسی سے سردار شہزاد ترین اور ملک نجیب اللہ کاکڑ دکی
پریس کلب کے حوالے سے ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان نیوز



ڈی جی پی آر اورنگزیب کاسی سے سردار شہزاد ترین اور ملک نجیب کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

Baakhabar Quetta



ڈی جی پی آر اورنگزیب کاسی سے سردار شہزاد ترین اور ملک نجیب اللہ کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں